

Lakeridge Health

*Community Newsletter*

**Long-Term Care Home Update**

**نومبر 2021**

## نومبر میں تعمیراتی پیشرفت

پچھلی موسم گرما میں، حکومت نے ایک تیز رفتار تعمیراتی عمل کا استعمال کرتے ہوئے ایجکس پکرنگ ہسپتال( Ajax Pickering) کے ساتھ ایک نیا طویل مدتی نگہداشت کا گھر بنانے کے لیے لیکریج ہیلتھ اور انفراسٹکچر آنٹیریو ( Lakeridge Health and Infrastructure Ontario)کے ساتھ ایک باہمی شراکت داری کا اعلان کیا۔ پی سی ایل کے تعمیراتی عملے نے جنوری 2021 میں گھر کے لیے زمین کی کھدائی کی۔ صرف 11 ماہ بعد، عملہ گھر کے اندرونی کام مکمل کر رہا ہے، بشمول ڈرائی والنگ، فرش اور پینٹنگ کے۔ کام، پورے گھر میں تکمیل پر توجہ مرکوز رکھتا ہے اور چھ میں سے تقریباً دو منزلیں اب مکمل ہو چکی ہیں۔ سائٹ پر ہر روز تقریباً 400 کارکنوں کے ساتھ، ہر دو ہفتوں میں ایک نئی منزل مکمل ہونے کی امید ہے۔

حال ہی میں، گھر کی دوسری منزل مکمل ہوئی، جس میں فرنیچر، روشنی کی تنصیبات، اور فعال غسل خانے کے ساتھ بالکل نیا رہائشی کمرہ شامل ہے۔

ہم 2022 کے لیے بہت پرجوش ہیں جب رہائشی گھر میں داخل ہوں گے اور ہر کمرے کو اپنے فن، خاندانی تصاویر اور پیارے سامان کے ساتھ زندہ کر دیں گے۔

دو لفٹیں بھی اب تیار ہیں اور مناسب توثیق کے ساتھ چل رہی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ دونوں لفٹیں مکمل طور پر فعال ہیں اور تعمیراتی عملہ سامان اور سامان کی نقل و حمل کے لیے لفٹوں کو استعمال کرنے کے قابل ہے۔

گھر کے باہر، آپ نے ممکنہ طور پر کچھ حالیہ تبدیلیاں دیکھی ہوں گی۔ عمارت کے باہر بیرونی مستول اور دونوں کرینیں جگہ سے ہٹا دی گئی ہیں۔
اطرافی تنصیب مکمل ہو رہی ہے اور گھر اب سفید، نارنجی اور بھورے رنگ کا ہے۔ سڑکوں کا جال مکمل ہونے کے قریب ہے اور زمین کی تزئین کا کام بھی جاری ہے۔ ہر روز، عمارت تعمیراتی جگہ کی بجائے گھر کی طرح لگتی ہے۔ لیکریج ہیلتھ کی ٹیم مستقبل کے 320 رہائشیوں کو گھر منتقل کرنے کے لیے تیار ہے !



**نئے طویل مدتی نگہداشت کے گھر کی مشرقی جانب ایک نظر (6 نومبر 2021)**



گھر کی دوسری منزل پر ایک فرضی/ نمونہ جاتی رہائشی کمرہ



فرضی/ نمونہ جاتی رہائشی کمرے سے منسلک نجی غسل خانے پر ایک نظر

## طویل مدتی نگہداشت کے گھر کے نام پر تازہ معلومات

ہم ڈرہم کے علاقے اور اس سے باہر کے ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنہوں نے اس موسم خزاں کے شروع میں طویل مدتی نگہداشت کے گھر کے لیے علاقے کے لوگوں کی جانب سے نام رکھنے کے سروے میں حصہ لیا۔ ہمیں موصول ہونے والے سروے کے جوابات کی تعداد نام دینے کے فیصلے کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے اور آپ کے تاثرات کی بنیاد پر، ہم ایک ایسا نام تیار کرنے اور منتخب کرنے کے لیے سخت محنت کر رہے ہیں جو ہمارے علاقے کی بہترین خصوصیات کی نمائندگی کرتا ہو۔ ایک بار پھر، ان سب کا شکریہ جنہوں نے شرکت کی۔ ہم علاقے کے لوگوں کے ساتھ منتخب کردہ نام کا جلد اشتراک کرنے کے منتظر ہیں۔

## ایجیکس پکرئنگ ہسپتال میں ملاقاتیوں کی پارکنگ

ایجکس پکرئنگ ہسپتال(Ajax Pickering Hospital) سے متصل نئے پارکنگ گیراج کی تعمیر تیز رفتاری سے جاری ہے اور فی الحال اگلے سال مکمل ہونے کے لائحہ عمل پر ہے۔ ٹریک پر رہنے کے لیے، پارکنگ گیراج کی جگہ پر کرینوں کو متحرک کر دیا گیا ہے اور اس کے نتیجے میں، ہمیں ایجکس پکرئنگ ہسپتال( Ajax Pickering Hospital) کے پارکنگ کے حصوں میں جگہ کے کچھ عارضی مسائل کا سامنا ہے۔

ہم اپنے آس پاس کے لوگوں اور ملاقاتیوں سے جو اس خلل کی وجہ سے ہو سکنے والی کسی بھی زحمت کے لیے معذرت خواہ ہیں ۔ ہماری اولین ترجیح تمام مریضوں، ملاقاتیوں، اور نگہداشت میں ضروری شراکت داروں کے لیے محفوظ، مساوی، اور قابل رسائی پارکنگ فراہم کرنا ہے۔ پارکنگ کی کم جگہوں کو دیکھتے ہوئے، ہم اپنے تمام مریضوں کو یاد دلانا چاہتے ہیں کہ براہ کرم آگے کی منصوبہ بندی کریں اور پارکنگ کی جگہ تلاش کرنے کے لیے اضافی وقت دیں۔ یہ آپ کے اپنے طے شدہ ملاقات کے وقت کو برقرار رکھنے کو یقینی بنائے گا ۔ ہم کسی بھی ایسے شخص جو پبلک ٹرانزٹ لینے کے قابل ہو یا ان کی اپائنٹمنٹ کے وقت انہیں چھوڑا جا سکتا ہو کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں کہ براہ کرم ڈرائیونگ کے متبادل زرائع پر غور کریں۔

پارکنگ گیراج کی تکمیل پر، ہم تقریباً 500 گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہوں کی توقع رکھتے ہیں، جس میں ہسپتال اور طویل مدتی نگہداشت کے مریضوں اور رہائشیوں، ملاقاتیوں اور عملے کے لیے کل 200 سے زیادہ نئی جگہیں شامل ہیں۔ ایک بار پھر، ہم اس وقت کے دوران آپ کی سمجھ اور صبر کے لیے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اور اس بات کا اعادہ کرنا چاہتے ہیں کہ ہم لوگوں کی ایجکس پکرئنگ ہسپتال(Ajax Pickering Hospital) کی مسلسل حمایت کے لیے کتنے شکر گزار ہیں۔

### چھٹیوں کے موسم کی طرف بڑھ رہے ہیں

رفتار کو برقرار رکھنے اور گھر کے وقت پر مکمل ہونے کو یقینی بنانے کے لیے، بہت سے تعمیراتی عملے چھٹی کا پورا وقت گھر پر کام کرتے رہیں گے۔ لیکریج ہیلتھ ڈرہم کے علاقے کے لیے اس انتہائی اہم پروجیکٹ کے لیے محنت کرنے والی پی سی ایل(PCL) کی افرادی قوت کا اعتراف اور شکریہ ادا کرنا چاہے گی۔

### جڑے رہیں

طویل مدتی نگہداشت کے گھر کے بارے میں آپ کے تاثرات اور سوالات لیکریج ہیلتھ کی ٹیم کے لیے بہت اہم ہیں۔

اگر آپ کے سوالات ہیں یا گھر کے بارے میں مزید معلومات چاہتی/ چاہتے ہیں، تو براہ کرم **905-576-8711 ایکسٹینشن 34167** پر کال کریں ، یا **AjaxLTC@lh.ca** پر کسی بھی وقت ای میل کریں۔ آپ جاری اپ ڈیٹس کے لیے ہماری ویب سائٹ **www.lh.ca** بھی ملاحظہ کر سکتی/ سکتے ہیں یا **ٹویٹر** اور **فیس بک** پر لیکرج ہیلتھ کو فالو کریں۔